ALMOIZ
INDUSTRIES LIMITED

صحت، حفاظت اور ماحولیات کی پالیسی

المعز انڈسٹریز لمیٹڈ صحت، حفاظت و ماحولیات (ایچ ایس ای) کے اعلیٰ ترین معیارات کو فروغ دیتی ہے اور اپنے ملازمین بشمول ملحقہ عوام کی فلاح و بہبود کو ترجیح دیتی ہے۔ ملازمین کو لاحق خطرات کی روک تھام، کمپنی اثاثوں کی حفاظت اور ماحول کے تحفظ پر محیط ایک مربوط نظام کے ذریعے ایچ ایس ای میں مسلسل بہتری ہمارے عزم کی دلیل ہے۔

ہم اپنے اسٹیک ہولڈرز کو اپنا ہم قدم رکھنے کی خاطر ہر سطح پر ایچ ایس ای کی واضح تعمیل کو ترجیح دیتے ہیں، اور سیفٹی کلچر کو کمپنی کے ایک بنیادی اصول کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ایچ ایس ای کو تمام کاروباری سرگرمیوں میں بلا تعطل ضم کیا گیا ہے۔ ہمارا فعال طریقہ کار قانون کی بالادستی، علم کے مسلسل حصول، اور اپنے کارکنان میں صحت و حفاظت کی ذمہ داریوں پر تاکید کے ذریعے عوام، پراسس اور ماحول کو درپیش خطرات کی نشاندہی کرتا ہے اور انہیں مناسب حد تک ختم کرتا ہے۔

المعز انڈسٹریز لمیٹڈ میں ہمیں تمام اسٹیک ہولڈرز کے لئے کام کا ایسا ماحول مہیا کرنے پر فخر ہے جو محفوظ، صحت مند اور ماحولیاتی طور پر ذمہ دار ہے۔

سلمان شہریار

چیف آپریٹنگ آفیسر